**26.10.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

........................................................................

☆ اِسرو کے چیئرمین ڈاکٹر ایس سومناتھ نے کہا ہے کہ بھارت کی کاوشیں اگلے دس برسوں میں عالمی خلائی معیشت میں اپنے تعاون کو توسیع دے کر دس فیصد کرنے کا عزم رکھتی ہیں۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل صبح 11 بجے آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں عوام کے ساتھ اپنے خیالات شیئر کریں گے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا کہنا ہے تمام ڈاکٹروں کو اپنی پیشہ وارانہ زندگی کو کچھ سال دیہی علاقوں کیلئے وقف کرنا چاہیئے۔

☆ بھارت نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں کشمیر سے متعلق غلط معلومات پھیلانے کے پاکستان کے ہتھکنڈوں کی سخت مذمت کی ہے۔

☆ نئ دلّی نے مغربی ایشیا میں بگڑتی ہوئی صورتحال اور خطے میں امن اور قیام پر اِس کے مضمرات کے بارے میں سخت تشویش ظاہر کی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، نیوزی لینڈ نے پونے میں دوسرے ٹیسٹ میں بھارت کو 113 رن سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز جیت لی ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Rev. ISRO Somanath Akashvani***

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج بھارت کے خلائی پروگرام کو وسیع تر بلندیوں تک پہنچانے میں بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO کے تعاون کی ستائش کی۔ نئ دلّی کے آکاشوانی کے رنگ بھون میں سردار پٹیل میموریل لیکچر 2024 کے موقع پر ایک ویڈیو پیغام میں صدر جمہوریہ مرمو نے اپنے پیغام میں سردار پٹیل کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ صدر جمہوریہ نے اجاگر کیا کہ سردار پٹیل، آزادی کے بعد بہت سے رجواڑوں کی ریاستوں کے سیاسی اتحاد کے ذریعے جدید بھارت کے معمار ہیں۔ صدر جمہوریہ نے یہ بھی کہا کہ اسٹیچو آف یونٹی سردار پٹیل کی بیش بہا وراثت کو ایک بھرپور خراجِ عقیدت ہے۔

S/B Droupadi Murmu

''نئی جہتوں کی جستجو میں بھارتی خلائی سفر'' سے متعلق سردار پٹیل میموریل لیکچر 2024 دیتے ہوئے ISRO کے چیئرمین ڈاکٹر ایس سومناتھ نے کہا ہے کہ بھارت کی کاوشیں اگلے دس برسوں میں عالمی خلائی معیشت میں اپنے تعاون کو توسیع دے کر دس فیصد کرنے کا عزم رکھتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اِس وقت عالمی خلائی معیشت میں بھارت کا تعاون صرف دو فیصد ہے اور یہ کہ ملک اِس میں توسیع کرنا چاہتا ہے۔ اسرو کے سربراہ نے خلائی شعبے میں مصروف مزید متعلقہ فریقین سے وسیع تر تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔

اِسرو کے سربراہ نے کہا کہ حکومت نے خلائی شعبے میں اصلاحات کرنے کیلئے بہت سے اقدامات کئے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ حکومت نے بھارتی خلائی پالیسی 2023 کا آغاز کیا اور خلائی شعبے کیلئے غیرملکی براہِ راست سرمایہ کاری کی سہولت فراہم کی۔ انھوں نے کہا کہ اِس وقت خلائی شعبے میں 200 سے زیادہ اسٹارٹ اَپس ہیں جبکہ 2014 میں اِس شعبے میں صرف ایک اسٹارٹ اَپ تھا۔

S/B Dr. Somanath-1

خلائی شعبے میں ملک کے وسائل کو بروئے کار لانے کی پیشرفت کے بارے میں بات کرتے ہوئے ڈاکٹر سومناتھ نے کہا کہ بھارت برآمدات پر اپنے انحصار کو کم کرنے کیلئے کام کر رہا ہے۔

بھارت کے آنے والے خلائی مشنوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے ڈاکٹر سومناتھ نے کہا کہ اِسرو آنے والے سالوں میں اپنا پہلا بنا عملے کا مشن گگن یان لانچ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔

انھوں نے بتایا کہ بھارت اندرون ملک تیار اپنے الیکٹرک Thrusters کی آزمائش کرے گا جو سیٹلائٹس کو اپنے مطلوبہ مدار میں لے جائیں گے۔اس موقع پر خطاب کرتے پرسار بھارت کے چیئرمین نونیت سہگل نے کہا کہ چندریان جیسی کامیابیوں نے ملک کے اعتماد کو استحکام بخشا ہے اور ملک کے عوام کو اُس پر فخر ہے۔

پرسار بھارتی کے CEO گورَو دِویدی اور آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل Pragya Paliwal بھی اس تقریب میں موجود تھیں۔x

## Rev Isro Patel Memorial Lecture

عظیم ویژنری سردار ولبھ بھائی پٹیل، جن کے ذہن میں قومی آہنگی، اولین حیثیت رکھتی تھی۔ ان کی یاد میں آکاشوانی کی جانب سے سردار پٹیل یادگاری لیکچر کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

اس عظیم روایت کا آغاز 1955 میں ہوا تھا۔ ماضی میں C راج گوپال چاری، ڈاکٹر ذاکر حسین، مرار جی ڈیسائی، ڈاکٹر اے پی جے عبد الکلام، جینت Narlikar، ایم۔ ایس۔ سوامی ناتھن، ارون جیٹلی، اجیت ڈوبھال اور ڈاکٹر ایس جے شنکر جیسی ممتاز ہستیوں نے بھارت اور اس کی سماجی و معاشی ترقی سے متعلق وسیع موضوعات پر یہ باوقار یادگاری لیکچر دیا ہے۔سردار پٹیل کے یوم پیدائش کے موقع پر، جو اب اتحاد کا قومی دن کے نام سے جاناتا ہے۔ اس ماہ کے آخر میں اس لیکچر کی ریکارڈنگ آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک پر نشر کی جائے گی۔ x

## PM Mann Ki Baat

وزیرِاعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 115 واں نشریہ ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی اسے براہ راست نشر کیا جائے گا۔

آکاشوانی، ہندی نشریے کے فوراً بعد مقامی زبانوں میں اس پروگرام کو نشر کرے گا۔ x

## Rev. President Chhattisgarh Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ تمام ڈاکٹروں کو اپنی پیشہ وارانہ زندگی کے چند سال دیہی علاقوں کیلئے وقف کرنے چاہئیں۔ Nava رائے پور میں قائم یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز اینڈ آیوش کی تقسیم اسناد کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ چھتیس گڑھ جیسی ریاستیں جڑی بوٹیوں کا ختم نہ ہونے والا ذخیرہ رکھتی ہیں۔ صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ اس کی دستاویز بندی کے ساتھ ساتھ اِس پر مبنی تحقیق کو بھی فروغ دیا جانا چاہیئے۔

اِس سے قبل دن میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھِلائی کے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی کی تقسیم اسناد کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ قبائلی عوام، قدرتی طرزِ زندگی سے حاصل کردہ معلومات کا ذخیرہ ہیں۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ قبائلی لوگوں کے طرزِ زندگی سے سبق لیتے ہوئے ہر کوئی ملک کی پائیدار ترقی میں نمایاں تعاون کرسکتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ ملک کی مکمل ترقی صرف اُسی وقت ممکن ہے جب ترقی کے عمل میں قبائلی عوام کی فعال شرکت ہو۔ صدر جمہوریہ نے طالب علموں کو طلائی تمغے بھی تفویض کئے۔

## Spain President

اسپین کے صدر Pedro Sanchez، بھارت کے اپنے سرکاری دورے پر کل نئی دلّی پہنچیں گے۔ دورہ 29 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ ان کی اہلیہ Begona Gomez بھی ان کے ہمراہ ہوں گی۔ وزارتِ خارجہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بھارت کا یہ ان کا پہلا دورہ ہے۔ 18 برس کے بعد یہ موقع آیا ہے کہ اسپین کے صدر بھارت کے دورے پر ہوں گے۔ اس سے قبل، وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر Sanchez کثیر ملکی میٹنگوں کے موقع پر کئی مرتبہ ملاقات کرچکے ہیں۔ دورے کے دوران، صدر Sanchez وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔دونوں رہنما وڈودرا میں C-295 طیارے کے فائنل اسمبلی لائن پلانٹ کا افتتاح کریں گے۔ ہوابازی کے شعبے میں میک اِن انڈیا کے تحت یہ ایک اہم پہل قدمی ہے۔

یہ پلانٹ Airbus اسپین اور Tata Advanced Systems کے اشتراک سے قائم کیا جارہا ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بھی صدر Sanchez سے ملاقات کریں گے۔ صدر Sanchez ممبئی بھی

جائیں گے، جہاں وہ تجارت و صنعت کے رہنماؤں، مفکروں اور فلم صنعت کی سرکردہ شخصیات کے ساتھ ملاقات کریں گے۔توقع ہے کہ دورے کے دوران، کئی مفاہمت ناموں اور سمجھوتوں پر دستخط کئے جائیں گے۔ جس سے دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کو مزید رفتار حاصل ہوگی۔x

## Passing Out Prade BSF

جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں دہشت گردی کے خاتمے اور دہشت گردی سے متعلق ایکو نظام کو تہس ونہس کرنے کیلئے ایک متحدہ حکمتِ عملی کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے آج بڈگام کے Humhama میں BSF کشمیر کے ذیلی تربیتی مرکز میں سرحدی حفاظتی فورس BSF کے نئے بھرتی کیے گئے کانسٹیبل کی توثیقی تقریب اور پاسنگ آؤٹ پریڈ کے دوران یہ بات کہی۔ سرحدی حفاظتی فورس میں 629 نئے اہلکاروں کو شامل کیے جانے کے موقع پر اِس تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اپنے خطاب میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نئے بھرتی کیے گئے اہلکاروں سے کہا کہ وہ پوری لگن اور تندہی کے ساتھ ملک اور عوام کے تئیں اپنے فرائض انجام دیں۔

انہوں نے دہشت گردی کے ایکو نظام کو نیست و نابود کرنے اور دشمنوں کے ناپاک عزائم کو ناکام کرنے کیلئے کیے گئے سخت اقدامات کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ منشیات اور دہشت گردی کے نیٹ ورک کے خلاف ایک بڑی کارروائی کا آغاز کیا گیا ہے اور دہشت گردی کیلئے رقومات کی فراہمی کی روک تھام کے سلسلے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے اور دہشت گردی کو شہ دینے والوں کے خلاف عبرتناک کارروائی کی جا رہی ہے۔ x

## UNSC India

بھارت نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل UNSC کے مباحثے میں کشمیر کا معاملہ اٹھانے پر پاکستان کی سخت مذمت کی ہے۔ بھارت نے اِسے غلط معلومات پھیلانے کی پاکستان کے معمول کے ہتھکنڈوں پر مبنی نفرت انگیز اور شرانگیز حرکت قرار دیا ہے۔ ''بدلتے ہوئے ماحول میں خواتین کی جانب سے قیام امن'' کے موضوع پر UNSC کے مباحثے کے دوران، اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے Parvathaneni Harish نے پاکستان کے خلاف جواب دینے کا حق استعمال کرتے ہوئے سخت جواب دیا۔ انھوں نے اِس فورم میں جموں وکشمیر کے معاملے کو اٹھانے پر پاکستان کی کوشش کی مذمت کی۔ انھوں نے پاکستان پر ناموزوں طریقے سے سیاسی پروپیگنڈہ کرنے کا الزام لگایا۔

جناب Harish نے کہا کہ یہ افسوسناک ہے اور مکمل طور پر ناقابل قبول بھی ہے کہ ایک وفد غلط اور بے بنیاد معلومات پھیلانے کی اپنی معمول کے ہتھکنڈوں پر مبنی شر پھیلانے میں ملوث ہوا ہے۔ اِس اہم سالانہ مباحثے میں اِس طرح کے سیاسی پروپیگنڈے میں ملوث ہونا قطعی طور پر غیرمناسب ہے۔x

## Jharkhand Assembly

جھارکھنڈ میں پانچ اضلاع میں سرحدی علاقوں میں ماؤنوازوں کے خلاف ایک مشترکہ کارروائی کا آغاز کیا جائے

گا۔ ریاست کے ڈائریکٹر جنرل پولیس اجے کمار سنگھ نے کہا کہ ریاست میں اسمبلی انتخابات کے پیش نظر یہ اقدام کیا جا رہا ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ تنظیموں پر شکنجہ کسنے کیلئے ریاست کے حساس علاقوں میں سخت تلاشی کی کارروائی کی جا رہی ہے۔

2100- Ajay Kumar Singh-DGP-Jhark

اس دوران اسمبلی انتخابات کے اعلان کے بعد سے ریاست کے مختلف حصوں میں تلاش کارروائی کے دوران اب تک غیر قانونی ساز و سامان اور 57 کروڑ 67 لاکھ روپے سے زیادہ کی نقد رقم ضبط کی جاچکی ہے۔ مثالی ضابطۂ عمل کی خلاف ورزی کے سلسلے میں 19 ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ x

## *Maha Assembly elections Nomaination*

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے میں اب جبکہ تین دن باقی رہ گئے ہیں، یہاں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Devapriyo

BJP نے مہاراشٹر میں آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے 22 امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے Devyani Pharande کو ناسک سینٹرل سے، بھیم راؤ Tapkir کو کھڑک واسلا سے، سنیل کامبلے کو پُنے کنٹونمنٹ سے اور ہیمنت Rasane کو Kasba Peth سے نامزد کیا ہے۔

کانگریس، شیو سینا (اُدھو ٹھاکرے) اور NCP (شرد پوار) پر مشتمل اپوزیشن مہا وکاس اگھاڑی نے بھی اپنے امیدواروں کی فہرستیں جاری کی ہیں۔ NCP نے 22 امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست، کانگریس نے 23 امیدواروں کی جبکہ شیو سینا (ادھو ٹھاکرے) نے 15 امیدواروں پر مشتمل اپنی دوسری فہرست جاری کی ہیں۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 29 اکتوبر ہے۔ پولنگ 20 نومبر کو، جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

Devapriyo Bhattacharjee کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## *India West Asia*

بھارت نے مغربی ایشیا میں کشیدگی کی بڑھتی ہوئی صورتحال اور خطے اور اِس سے باہر امن و سکون پر اس کے غیر متوقع اثرات کے حوالے سے گہری تشویش ظاہر کی ہے۔ بھارت نے ایک مرتبہ پھر یہ بات دوہرائی ہے کہ سبھی متعلقہ فریقوں کو صبر وتحمل سے کام لینا چاہیے اور مذاکرات اور سفارتکاری کی راہ اختیار کرنی چاہیے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جاری جنگ سے کسی کو فائدہ نہیں ہوگا اور بے قصور یرغمال بنائے گئے افراد اور شہری آبادی مسلسل اِس سے متاثر ہوتے رہیں گے۔ اس نے مزید کہا کہ خطے میں بھارتی مشن، بھارتی برادری سے رابطے میں ہیں۔ x

## Israel Strikes Iran

ایران کی جانب سے اسرائیل پر اس ماہ کے اوائل میں میزائل حملے کے بعد اسرائیل نے آج صبح ایران کے خلاف مخصوص علاقوں کو نشانہ بناتے ہوئے فضائی حملے کئے، جس کے بعد علاقائی کشیدگی مزید بڑھ گئی ہے۔ ایرانی فوج نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ان حملوں میں دو فوجی ہلاک ہوگئے ہیں۔ یہ حملے تین صوبوں میں فوجی تنصیبات کو نشانہ بناتے ہوئے کئے گئے تھے۔

اسرائیل کی دفاعی افواج کے مطابق فضائی کارروائی میں تقریباً 20 تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا تھا، جن میں تہران، Khuzestan اور Ilam صوبوں میں زمین سے فضا میں وار کرنے والے میزائل کی مینوفیکچرنگ کے مراکز بھی شامل ہیں۔ ایران کے حکام نے اطلاع دی ہے کہ ان کے فضائی دفاعی نظام نے اسرائیل کے کئی حملوں کو ناکام بنا دیا۔ البتہ کچھ علاقوں میں محدود نقصان ہوا ہے۔

فوجی ترجمان Daniel Hagari نے انتباہ دیا ہے کہ اگر ایران کی جانب سے اب کوئی جوابی کارروائی کی جاتی ہے تو اسرائیل کو مجبوراً اس کے خلاف مزید کارروائی کرنی پڑے گی۔ البتہ IDF نے اعلان کیا ہے کہ یہ مخصوص کارروائی اب مکمل ہوچکی ہے۔حملوں کی نوعیت اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ دونوں ملک مزید کشیدگی سے گریز کریں گے۔

اومان، قطر اور بحرین سمیت مشرقِ وسطیٰ کے بہت سے ممالک نے اسرائیل کے حملوں کی مذمت کی ہے۔ عراق نے اسرائیل کی فوجی کارروائی کی سخت مذمت کی ہے اور ایران کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ اسرائیل کی جانب سے ان اطلاعات کے بعد کہ ایران کی پشت پناہی والے ملیٹنٹ گروپ حزب اللہ نے سنیچر کو اسرائیلی کمیونٹیز کی طرف تقریباً 80 راکٹ داغے۔ اس تناظر میں صورتحال مسلسل غیر یقینی بنی ہوئی ہے۔x

## CBDT ITR

براہ راست ٹیکسوں سے متعلق مرکزی بورڈ CBDT نے مالی برس 2024-25 کیلئے کارپوریٹ ٹیکس دہندگان کیلئے آمدنی ٹیکس داخل کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی ہے۔ کارپوریٹ کے لئے آمدنی ٹیکس داخل کرنے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر سے بڑھا کر 15 نومبر کر دی گئی ہے۔ x

## Meeting Crop Residue Burning

مرکز نے دھان کی پرالی کو جلانے کے معاملوں میں کمی لانے کیلئے پنجاب، ہریانہ، اترپردیش اور دلّی کی کوششوں کی ستائش کی اور صلاح دی کہ وہ پرالی جلانے کے عمل کو مکمل طور پر ختم کرنے کی مہم کے تئیں مزید کوششیں کریں۔ پرالی کے بندوبست کے معاملات سے نمٹنے کیلئے زراعت کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان اور ماحولیات کے وزیر بھوپیندر یادو کی مشترکہ صدارت میں نئی دلّی میں ایک بین وزارتی میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے دوران ریاستی سرکاروں کے وزراء نے دھان کی پرالی کو جلانے کے عمل کی روک تھام کیلئے کئے گئے اقدامات کے بارے میں بتایا۔ انھوں نے اس معاملے سے نمٹنے میں کسانوں کی مدد کیلئے کی جارہی مختلف پہل قدمیوں کے بارے میں بھی واقف کرایا۔ x

## Odisha Cyclone

اڈیشہ میں شدید سمندری طوفان 'دانا' سے ساحلی اضلاع بھدرک، کیندر پاڑہ، بالاسور، میور بھنج اور جگت سنگھ پور میں زرعی اراضی اور املاک کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ دانا کے زیر اثر ہزاروں ہیکٹیئرز زرعی اراضی زیر آب ہے اور ایک اعشاریہ سات-پانچ لاکھ ہیکٹیئرز کھڑی فصل شدید طور پر متاثر ہوئی ہے۔فصلوں کو ہوئے نقصان کا جائزہ لینے کیلئے ایک مرکزی ٹیم جلد ہی متاثرہ علاقوں کا دورہ کرے گی اور اپنی رپورٹ داخل کرے گی۔ شدید سمندری طوفان نے کئی مکانات کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے۔ کئی گاؤں اب بھی بارش کے پانی میں غرق آب ہیں اور اصل حصے سے اُن کا رابطہ منقطع ہے۔اس دوران 'دانا' سمندری طوفان کے سبب گزشتہ کچھ روز سے موسلا دھار بارش کے تناظر میں میور بھنج اور بالاسور اضلاع کے نشیبی علاقوں میں سیلاب کے خدشات میں اضافہ ہوگیا ہے۔ Budhabalanga، Subarnarekha اور Kanshbansh دریاؤں میں پانی کی سطح بڑھ گئی ہے۔ انتظامیہ، دریاؤں میں سیلاب سے پیدا شدہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں۔ x

## Cricket

آج تیسرے پہر پونے میں دوسرے کرکٹ ٹسٹ میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو 113 رَن سے ہرا دیا۔ اِس کامیابی سے مہمان ٹیم نے تین میچوں کی سیریز جیت لی ہے۔ نیوزی لینڈ نے بھارت کی جیت کیلئے 359 رَن کا نشانہ رکھا تھا اور اس کا تعاقب کرتے ہوئے بھارت کی پوری ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 245 رَن پر آؤٹ ہوگئی، جبکہ آج میچ کا تیسرا دن تھا۔ پہلی اننگز میں مہمان ٹیم نے 259 رَن بنائے تھے، جبکہ بھارت کی پوری ٹیم 156 رَن پر آؤٹ ہوگئی تھی۔ مہمان ٹیم نے اپنی دوسری اننگز میں 255 رن بنائے تھے۔ نیوزی لینڈ نے بنگلورو میں کھیلا گیا پہلا ٹسٹ میچ بھی 8 وکٹ سے جیتا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆